(1)

# بحضور جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان بمقام اسلام آباد

(۱) حضرت عمر ولد محمد قمر (۲) انور خان ولد حضرت عمر (۳) سید عالم ولد سید عمر (۴)
ریاض خان ولد افضل خان (۵) میاں بخت فروش ولد محمد عمر (۶) فیروز ولد فوجون
(۷) رسول خان ولد پیر محمد (۸) طالب جان ولد گوڑے (۹) فرید ولد فوجون (۱۰)
حسن زادہ ولد شریف خان (۱۱) ولی خان ولد یارہ گل (۱۲) انور علی ولد طلعزر (۱۳)
عجب خان ولد امیر اسلم (۱۴) بادشاہ گل ولد حکومت (۱۵) عمر واحد ولد اجون (۱۶)
تاج محمد ولد جمروز (۱۷) مومین زادہ ولد شریف خان (۱۸) عمر خان ولد ثانی گل (۱۹)
خان شربین ولد اختر منیر (۲۰) خورشید علی ولد دولت خان (۲۱) اشرف خان ولد کمند
(۲۲) بختی گل ولد فردوس خان (۲۳) وزیر ولد باتور (۲۴) محمد آمین ولد شمین
(۲۵) رضا خان ولد روزی خان (۲۶) جاوید ولد قلندر (۲۷) بہادر ولد شیر قیوم
(۲۸) میاں بشر ولد میاں بہار (۲۹) جہان بادشاہ ولد نظر جی میاں (۳۰)
اورنگزیب ولد میاں عمر (۳۱) اکرام باچا ولد جہان بادشاہ (۳۲) سعد اللہ جان ولد
میاں بادشاہ (۳۳) عابد رحمان ولد سیف الرحمان (۳۴) موہیل ولد اسماعیل
(۳۵) شفیع الرحمٰن ولد فراموز (۳۶) امیر محمد ولد گلفراز (۳۷) بازی گل ولد محمد اللہ
(۳۸) اختر گل (۳۹) عمر بہادر (۴۰) زرین گل ولد انظر گل (۴۱) یار بخت ولد
دلفروز میاں (۴۲) محمد زمان ولد شاہ لبان (۴۳) بخت بلند ولد میاں حسن (۴۴)
جان زادہ ولد اجون (۴۵) غنی محمد ولد مشر محمد (۴۶) محمود ولد سید نواب (۴۷)
احسان اللہ ولد محمود (۴۸) جہانگیر ولد کبل (۴۹) بخت زمان ولد خانگل (۵۰)
فائندہ ولد میاں گل ہلال (۵۱) عمر زمان ولد خانگل (۵۲) گل نظر ولد نظر

(۵۳) بخت روان ولد جان باز (۵۴) فیروز ولد پیر محمد خان (۵۵) امیر گل ولد خذر ساکنان محلہ اسلام پور سیدوشریف تحصیل بابوزی ضلع سوات ۔(۵۶) انور شیر ولد حکیم خان (۵۷) رحمت علی ولد اسلم خان (۵۸) طوطی رحمان ولد زیارت گل (۵۹) حضرت رحمان ولد زیارت گل (۶۰) بختیار ولد امیر سلیم (۶۱) فاروق ولد خائستہ محمد (۶۲) امجد علی ولد دلبر (۶۳) گلاب خان ولد غلام حیدر (۶۴) علی خان ولد عجب خان (۶۵) رحیم داد خان ولد سلطان (۶۶) انظر گل ولد محمد حیات (۶۷) شیر زمان ولد فروش (۶۸) دوست محمد خان ولد زیارت گل (۶۹) شیر زادہ ولد پائندہ محمد ساکنان شیر اطرف سیدوشریف ضلع سوات (۷۰) محمد روان ولد محمد کریم (۷۱) شیر زادہ ولد میاں سید (۷۲) سید علی خان ولد شمشاد (۷۳) فضل خالق ولد مہتاب (۷۴) انور خان ولد شمشاد (۷۵) وزیر خان ولد قنچے (۷۶). سجاد علی ولد بخت سردار (۷۷) سید الرحمان ولد سید اکرم (۷۸) وسیم خان ولد حیدر خان (۷۹) فضل حکیم ولد تاج العارفین (۸۰) جہانگیر ولد پیر محمد خان (۸۱) خورشید عالم ولد شیر باچا میاں (۸۲) صاحب زادہ ولد عمر زادہ (۸۳) عزیز اللہ خان طوطی ولد عزیز الرحمان (۸۴) عزیز الرحمان ولد عبدالستار (۸۵) سلطانی گل ولد عبدالجلیل (۸۶) سلیمان ولد میاں شاہ لبان (۸۷) بہادر خان ولد معمر زمان (۸۸) طارق خان ولد میاں سید عثمان (۸۹) چڑی گل ولد سزن (۹۰) محمد حنیفہ ولد عبدالستار (۹۱) بہرام خان ولد محمد (۹۲) اکبر خان ولد شمشاد (۹۳) شاہ زمان ولد سیفور (۹۴) شاہ وزیر خان ولد مستجاب خان (۹۵) لطیف حیات ولد شاہ جہان (۹۶) رشید احمد ولد محمد نعمان (۹۷) آیاز علی ولد ثناء اللہ ساکنان محلہ مشین آباد سپل بانڈئی سیدوشریف تحصیل بابوزی ضلع سوات (۹۸) جمروز ولد حاجی حیات محمد اقبال ولد میاں بہادر شاہ

(۹۹) رحمانی گل ولد محمدی گل (۱۰۰) شاہ جہان ولد نچن (۱۰۱) اعتبار محمد ولد منہ گل (۱۰۲) دوا خان ولد امیر نواب (۱۰۳) بہروز خان ولد پیر داد خان (۱۰۴) محمد غفور ولد گلئے (۱۰۵) اختر گل ولد دلفروز (۱۰۶) بحرہ مند ولد عمر خطاب (۱۰۷) محمد شاہ ولد گل دار شاہ (۱۰۸) عمر خان ولد منجور (۱۰۹) بازیر ولد غورے (۱۱۰) ارسلاء خان ولد نوید مدئی (۱۱۱) باروز ولد صدف (۱۱۲) خانے ولد صحبت (۱۱۳) حسین جان ولد عبدالحسن (۱۱۴) شیر زمان ولد ہدایت شاہ (۱۱۵) لعل محمد ولد جلات (۱۱۶) عمل ولد بیلادر (۱۱۷) مومین خان ولد آمین خان (۱۱۸) حمزہ خان ولد لعل خان (۱۱۹) دولت مند ولد کاکوٹے (۱۲۰) عمر حیم ولد پگاہ (۱۲۱) پیر محمد ولد جوکئے (۱۲۲) سید کمال شاہ ولد میاں سید جان (۱۲۳) عرفان علی ولد فضل علی (۱۲۴) ابرار علی ولد بختیار (۱۲۵) گل فراز ولد چڑی (۱۲۶) نادر خان ولد بازیر (۱۲۷) گل جہان ولد رشید (۱۲۸) امیر حمان ولد گل ساکنان چیتوڑ علاقہ سیدو شریف تحصیل بابوزی ضلع سوات (۱۲۹) طارق خان ولد میاں سید عثمان (۱۳۰) جہانگیر ولد پیر محمد (۱۳۱) خورشید ولد شیر باچا ساکنان سپل بانڈئی مرغزار سیدو شریف تحصیل بابوزی ضلع سوات۔

------(سائلان)

**عذرداری زیر دفعہ 21 الیکشن ایکٹ 2017، قاعدہ 11 الیکشن رولز 2017**

**جناب عالی! سائلن حسب ذیل عرض رساں ہیں۔**

**ا:۔ یہ کہ سائلان پٹوار سرکل مرغزار و پٹوار سرکل اسلام پور کے رہائشی پیدائشی باشندہ گان ہیں اور سائلان کے سال 2017 کے حلقہ بندیوں کی روشنی میں رجسٹر ڈ ووٹ پٹوار سرکل**

مرغزار اور پٹوار سرکل اسلام پور میں درج ہے۔(تفصیل جاری کردہ الیکشن کمیشن آف پاکستان بلاک ڈسٹرکٹ لیول لف ہے)

۲:۔ یہ کہ سائلان نئی حلقہ بندیوں سے قبل حلقہ PK-81 کے رجسٹرڈ ووٹرز تھے جو کہ یونین کونسل تندوڈاگ، یونین کونسل غالیگے، یونین کونسل اوڈیگرام، یونین کونسل قمبر، یونین کونسل اسلام پور، یونین کونسل کوکارئی، یونین کونسل سنگوٹہ ڈنگرام، یونین کونسل منگلور، یونین کونسل آ کا معروف بامی خیل اور یونین کونسل ابوہا پر مشتمل تھیں۔

۳:۔ یہ کہ موجودہ حلقہ بندیوں کی روشنی میں حلقہ PK-81 کی جگہ حلقہ PK-6 ترتیب دی گئی ہے اور حلقہ PK-6 میں پٹوار سرکل تحصیل بابوزی اوڈیگرام، بلوگرام بشمول تحصیل بریکوٹ، تحصیل کبل پٹوار سرکل گاڑو اور کوٹلئی پر مشتمل ہے۔

۴:۔ یہ کہ سائلان کو حلقہ PK-6 کے بجائے حلقہ PK-4 میں Adjust کیا گیا ہے جو کہ پٹوار سرکل چار باغ، بیشبنڑ، جامبیل، کوکارئی، منگلور، مرغزار اور مینگورہ پٹوار سرکل میں ڈنگرام، سنگوٹہ، قمبر پٹوار سرکل، گلکدہ، اسلام پور، سیدو شریف، کوہستان گٹ، اور جزوی حصہ تلیگرام پٹوار سرکل پر مشتمل ہیں۔

۵:۔ یہ کہ صوبائی حلقہ PK-6 میں کل رجسٹرڈ ووٹوں کی تعداد 2,87,973 جبکہ صوبائی حلقہ PK-4 میں کل رجسٹرڈ ووٹوں کی تعداد 2,91,863 ہیں جبکہ صوبائی حلقہ PK-7 میں کل رجسٹرڈ ووٹوں کی تعداد 2,97,219 پر مشتمل ہے۔

۶:۔ یہ کہ سائلان پٹوار سرکل اسلام پور، مرغزار کے رجسٹرڈ ووٹران ہیں اور مذکورہ پٹوار سرکل حلقہ PK-6 کے پٹوار سرکل بلوگرام میں گاؤں گلکیگرام اور بٹورہ کے بالکل پیوست واقع ہے جبکہ پٹوار سرکل گاڑو، کوٹلئی تحصیل کبل میں واقع ہے جو کہ پٹوار سرکل اسلام پور ،مرغزار تقریباً 35/40 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔

وجوہات:

i:۔ یہ کہ سائلان پٹوار سرکل مرغزار، اسلام پور کے رجسٹرڈ ووٹران ہیں اور تحصیل بابوزی کے رہائشی ہیں جو کہ نئی حلقہ بندیوں رو سے صوبائی حلقہ PK-6 کے پٹوار سرکل بلوگرام گاؤں بٹورہ، گلکیگرام کے پیوست ایک ہی موضع میں واقع ہیں اور پٹوار سرکل مرغزار، اسلام پور کل رجسٹرڈ ووٹوں کی تعداد 38,949 ہے جبکہ پٹوار سرکل گاڑو، ڈاگئی، کوٹلئی تحصیل کبل میں واقع ہے جو پٹوار سرکل مرغزار، اسلام پور سے تقریباً 40/35 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے اور پٹوار سرکل گاڑو، کوٹلئی میں کل رجسٹرڈ کی تعداد 37,544 ہے۔ لہذا دونوں حلقوں کو رجسٹرڈ ووٹوں کی تعداد یکساں ہونے کی وجہ سے مذکورہ حلقے میں کوئی تغیر وتبدل نہیں آئیگا۔

ii:۔ یہ کہ صوبائی حلقہ PK-4 تحصیل بریکوٹ اور تحصیل بابوزی کے پٹوار سرکل اوڈیگرام، بلوگرام پر مشتمل ہے جس کے پیوست پٹوار سرکل اسلام پور، مرغزار واقع ہے جبکہ پٹوار سرکل کوٹلئی، گاڑو تحصیل کبل میں واقع ہے جس کا درمیانی فاصلہ 35/40 کلومیٹر بنتا ہے مذکورہ پٹوار سرکل میں سے تحصیل بریکوٹ اور تحصیل بابوزی کے پٹوار سرکل کو Proposed نقشہ میں برنگ نیلہ واضح کیا گیا ہے اور اسی طرح سائلان کے رہائشی علاقہ پٹوار سرکل اسلام پور، مرغزار کو برنگ زرد واضح کیا گیا ہے اور پٹوار سرکل کوٹلئی اور

گاڑو برنگ زرد واضح کیا گیا ہے اور نقشہ سے واضح ہے کہ دونوں پٹوارسرکل کے مابین کافی فاصلہ ہے۔

iii۔ یہ کہ سائلان گزشتہ کئی دہائیوں سے کہ جب سے سوات اسٹیٹ کا قیام عمل میں آیا ہے پٹوارسرکل تحصیل بابوزی، اوڈیگرام بلوگرام اور تحصیل بریکوٹ کے ساتھ ہمیشہ سے منسلک رہے ہیں اور جتنے بھی انتخابات ضلع سوات میں ہوئے ہیں جملہ انتخابات میں سائلان مذکورہ پٹوارسرکل میں بطور ووٹرز اپنا ووٹ کاسٹ کر چکے ہیں لیکن بدقسمتی سے موجودہ حلقہ بندیوں میں صوبائی حلقہ PK-4 میں ایڈجسٹ کیا گیا ہے جو کہ سائلان کے علاقہ سے بہت دور واقع ہے اور سائلان کا علاقہ پہاڑی علاقہ ہے اور سائلان کو اگر صوبائی حلقہ PK-6 میں شامل نہ گیا ہے تو سائلان کو ناقابل تلافی نقصان ہوگا۔ اور اگر صوبائی حلقہ PK-4 میں سائلان کو بطور ووٹرز شامل کیا گیا تو صوبائی حلقہ PK-4 سے اگر کوئی امیدوار کامیاب ہوتا تو وہ سائلان کے دسترس سے باہر ہوگا۔

iv۔ یہ کہ موجودہ حلقہ بندیوں کی روشنی میں سوات کے قومی اسلامی کے تین حلقے بنائے گئے ہیں NA-3 تحصیل بابوزی اور تحصیل بریکوٹ پر مشتمل ہے جس میں سائلان اور صوبائی حلقہ PK-6 کے جملہ پٹوارسرکل واقع ہے جبکہ پٹوارسرکل گاڑو اور کوٹئی قومی اسمبلی کے NA-4 میں واقع ہے جو کہ تحصیل کبل اور مٹہ پر مشتمل ہے۔ لہذا کسی صورت میں بھی سائلان صوبائی حلقہ PK-4 کے ووٹران نہیں رہ سکتے اور نہ ہی سائلان صوبائی حلقہ PK-4 میں کاسٹ کر سکتے ہیں۔